ماہنامہ الفاروق | بہ اہتمام صدارت جامع فاروقیہ کراچی ۔ مدیر اعلیٰ: مولانا محمد عادل خان (مع مشاورتی بورڈ) ۔ پتہ: پوسٹ بکس نمبر ۱۱۰۰۹ ۔ شاہ فیصل کالونی نمبر ۴ کراچی ۲۵ ۔ پوسٹ کوڈ نمبر ۷۵۲۳۰ ۔ اچھا سفید کاغذ اور ٹائپ، خوبصورت ٹائیٹل ۔ فی کاپی ۱۲/- روپے ۔ چندہ سالانہ: ۱۵۰/- روپے ۔

اسلامی فکر و تعلیم کے مختلف پہلوؤں کے متعلق مضامین کا پیش کنندہ ۔ نیوز اور ویوز کے زیر عنوان اہم اسلامی اخبارات و اطلاعات ۔ "ایٹ لاسٹ" کے آخری عنوان کے تحت ایک سبق آموز واقعہ ۔

ماہنامہ قلم قافلہ | مدیر اعلیٰ جناب گل بخشالوی (بہ تعاون مجلس ادارت و دیگر معاونین) پتہ: مقام کھاریاں ، پوسٹ بکس نمبر ۲ ، ضلع گجرات ۔ قیمت فی شمارہ: ۵/- روپے ۔ سالانہ چندہ ۵۰/- روپے ۔

گل بخشالوی صاحب کی ہمت ہے اور اردو زبان و ادب کی طاقت کہ کھاریاں جیسے مقام سے قلم قافلہ نامی رسالے نے صدیق سالک نمبر شائع کیا ہے ۔ صدیق سالک (شہید) اردو ادب میں ایک ممتاز مقام حاصل کر کے رخصت ہوئے ۔ نہایت قابلِ داد ہے کہ گل صاحب نے ۳۴ تحریریں سالک صاحب کی شخصیت ، ان کے فن اور ان کے متعلقین پر فراہم کر دی ہیں ۔

کھاریاں کے قلم قافلے نے تو منزل مار لی ۔

سچی باتیں (پمفلٹ) | از مولانا عبدالماجد دریابادی مرحوم و مغفور ۔ ناشر: ڈاکٹر محمد یعقوب شاہ ہومیوپیتھ ۴ ۱۳/E حسنین آباد ۔ لاہور کینٹ ۔ قیمت نامعلوم ۔

اصل میں عنوان لمبا ہے "سیرت نبویؐ کی روشنی میں سچی باتیں" ۔ یہ سچی باتیں ۶ صفحے پر پھیلی ہوئی ہیں ۔ صاحب صدق کا خاص طرز نگارش تو آپ کے علم میں ہو گا ہی ۔ ان کی تحریریں پڑھنے کو جی چاہتا ہے ۔